www.mashriqquetta.com.pk

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | بدھ 13 محرم الحرام 1447ھ 09 جولائی 2025ء، صفحات 08 | شمارہ 04

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345, 081-2827344 | قیمت 30 روپے

سمگلنگ غیر قانونی ترسیلات زر اور بھتہ خوری میں ملوث عناصر کیخلاف سخت کارروائی ہوگی

احتجاج کے نام پر شاہراہیں بند کرنیکی اجازت نہیں دی جائیگی

صوبائی ایپکس کمیٹی

ریاست مخالف پروپیگنڈے میں ملوث سوشل میڈیا اکاؤنٹس اور غیر قانونی تارکین کے خلاف کارروائی تیز کرنے کا فیصلہ، انسداد دہشت گردی ایکٹ کے رولز کو جلد از جلد حتمی شکل دینے کی ہدایت

پولیس اور لیویز کی جانب سے دہشت گردوں کے خلاف رسپانس میکنزم کو بہتر بنانے پر زور، جوانوں کو سب ورژن اور منشیات جیسی لعنتوں سے دور رکھنا وقت کی اہم ضرورت ہے، میر سرفراز بگٹی

پٹ فیڈر کینال پر ایف سی کی سیکیورٹی فراہم کرنیکا فیصلہ آئین اُس بیمار کے ساتھ کھڑا ہے جو ایمبولینس میں زندگی کی سانسیں لے رہا ہے، بلوچستان کو امن و ترقی کی راہ پر گامزن کیا جائے گا

وزیر اعلیٰ بلوچستان کی زیر صدارت صوبائی ایپکس کمیٹی کا 19 واں اجلاس، کور کمانڈر لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان سمیت اعلیٰ عسکری اور سول حکام کی شرکت، اجلاس میں اہم فیصلوں کی منظوری

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبائی ایپکس کمیٹی کا 19 واں اجلاس منعقد ہوا جس میں کور کمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان نے شرکت کی اجلاس میں صوبے کی مجموعی سیکیورٹی صورتحال، امن عامہ، اور عوامی مفادات سے متعلق اہم معاملات پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا ایپکس کمیٹی نے اسمگلنگ کے خلاف جاری مہم کو مزید موثر بنانے کا فیصلہ کرتے ہوئے اعلان کیا کہ اسمگلنگ میں ملوث ٹرانسپورٹ کمپنیوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی اور متعلقہ ڈرائیورز کے خلاف ایف آئی آر درج ہوں گی اجلاس میں انسداد دہشت گردی ایکٹ کے رولز کو جلد از جلد حتمی شکل دینے کی ہدایت کی گئی ایپکس کمیٹی نے واضح کیا کہ بلوچستان میں کسی بھی شاہراہ کو احتجاج کے نام پر بند کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی ریاست عام آدمی کے ساتھ کھڑی ہے کمیٹی نے غیر قانونی ترسیلات زر میں ملوث عناصر کے خلاف وفاقی تحقیقاتی ادارے "ایف آئی اے" کو مؤثر کارروائی کی ہدایت دی اور ریاست مخالف پروپیگنڈے میں ملوث سوشل میڈیا اکاؤنٹس کے خلاف کارروائی تیز کرنے کا فیصلہ کیا اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ بھتہ خوری کا مکمل تدارک ...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

صدر زرداری کیخلاف قیاس آرائیوں میں کوئی حقیقت نہیں، نیئر بخاری

زرداری ملک کے منتخب صدر ہیں، پیپلز پارٹی کی حمایت کے بغیر حکومت نہیں چل سکتی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرین کے سیکرٹری جنرل نیئر بخاری نے صدر زرداری کے خلاف قیاس آرائیوں کی تردید کردی، اپنے بیان میں نیئر بخاری نے کہا صدر آصف زرداری ملک کے منتخب صدر ہیں، قیاس آرائیوں میں کوئی حقیقت نہیں، قیاس آرائیاں کرنے والوں کو آئین اور قانون کی سمجھ ہی نہیں، پیپلز پارٹی کی حمایت کے بغیر حکومت نہیں چل ...... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

حیدر آباد، سیلاب میں پھنسے ایک خاندان کو محفوظ مقام پر منتقل کیا جارہا ہے

گورنر جعفر خان مندوخیل چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ جسٹس روزی خان بڑیچ سے حلف لے رہے ہیں

عالمی عدالت نے افغان طالبان امیر، چیف جسٹس کے وارنٹ گرفتاری جاری کردیئے

خواتین کیخلاف جبری اقدامات پر افغان طالبان رہنماؤں کے وارنٹ گرفتاری جاری کیے

طالبان رہنماؤں نے خواتین کیخلاف صنفی بنیادوں پر انسانیت کیخلاف جرائم کا ارتکاب کیا، جج

دی ہیگ (بیورو رپورٹ) بین الاقوامی فوجداری عدالت (آئی سی سی) نے خواتین کیخلاف جبری اقدامات پر افغان طالبان رہنماؤں کے وارنٹ گرفتاری جاری کردیئے، غیر ملکی خبر ایجنسی کے مطابق عدالت کی جانب سے افغان سپریم لیڈر ہیبت اخوندزادہ اور ...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

افغانستان سے ملک میں داخل ہونیکی کوشش کرنیوالے 8 دہشتگرد ہلاک

دہشتگرد سرحدی علاقے میں داخل ہونے کی کوشش کررہے تھے، سیکیورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کرکے ہلاک کردیا

دہشتگردوں کیخلاف کامیاب آپریشن کے بعد لوئی ماموند کے داخلی و خارجی راستوں پر سیکیورٹی سخت کردی گئی، ذرائع

پشاور (بیورو رپورٹ) افغانستان سے پاکستان میں داخل ہونے کی کوشش کرنے والے 8 دہشتگرد مارے گئے، ذرائع کے مطابق افغانستان سے سرحدی علاقے میں داخل ہونے کی کوشش پر سیکیورٹی فورسز نے دہشتگردوں کیخلاف کارروائی کی، سیکیورٹی فورسز نے تحصیل لوئی ماموند میں کارروائی کی جس دوران سرحد سے داخل ہونے کی کوشش کرنے والے 8 دہشتگرد مارے گئے، ذرائع کے مطابق لوئی ...... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

اسرائیل کا ایران پر دوبارہ حملے کا منصوبہ، ایرانی فوج ہائی الرٹ

حملہ ہوا تو جوابی کارروائی پہلے سے زیادہ شدید ہوگی، مشیر سپریم لیڈر خامنہ

خفیہ مقامات پر ہزاروں میزائل اور ڈرونز تیار کھڑے ہیں، ترجمان ایرانی فوج

تہران (بیورو رپورٹ) اسرائیل کی جانب سے ایران پر ممکنہ دوبارہ حملے کے خدشے کے پیش نظر ایرانی فوج کو مکمل ہائی الرٹ کردیا گیا، میڈیا کے مطابق ایران نے تمام خطرات سے نمٹنے کیلئے فوجی تیاریوں کو مکمل کرلیا، سپریم لیڈر خامنہ ای کے مشیر نے ...... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی 19 ویں صوبائی ایپکس کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

کالعدم ٹی ٹی پی 6 ہزار دہشتگردوں پر مشتمل سب سے بڑا گروپ، ٹی ٹی پی اور بلوچ شدت پسند افغان سرزمین سے کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں عاصم افتخار

بلوچ شدت پسند تنظیمیں اور ٹی ٹی پی عالمی امن کیلئے خطرہ ہیں پاکستان

افغانستان سے جنم لینے والی دہشتگردی پاکستان کیلئے سنگین خطرہ بن چکی، القاعدہ، الخوارج، ٹی ٹی پی اور بلوچ شدت پسند بدستور سرگرم، افغان سرزمین بدقسمتی سے مسلسل پاکستان کیخلاف استعمال ہورہی ہے

یقینی بنانا ہوگا افغانستان دوبارہ دہشتگردوں کی محفوظ پناہ گاہ نہ بنے، داعش اب افغان عبوری حکومت کو نشانہ بنارہا ہے جبکہ القاعدہ، فتنہ الخوارج جیسے عناصر افغانستان سے اپنی سرگرمیاں جاری رکھے ہوئے ہیں

اس بات کے مستند شواہد موجود ہیں کہ دہشت گرد گروہوں کالعدم تحریک طالبان پاکستان اور بلوچ شدت پسند تنظیموں کے درمیان گٹھ جوڑ قائم ہو چکا ہے، اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں خصوصی مباحثے سے خطاب

اسلام آباد (شاکر رحمان) اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں افغانستان کی صورتحال پر ہونے والے خصوصی مباحثے سے خطاب کرتے ہوئے اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے کہا افغانستان سے جنم لینے والی دہشتگردی پاکستان کیلئے ...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

عوام کو جمہوریت بچانے، 26 ویں ترمیم کیخلاف نکلنا ہے، جیل سے لیڈ کرونگا، عمران خان

بانی کیساتھ وہ کچھ ہورہا جو کسی قیدی کے ساتھ نہیں ہوتا، ظلم کی انتہا، ٹی وی اخبار ایک ہفتے سے بند ہے، نورین، عظمیٰ

10 محرم گزر گیا اب پارٹی لائحہ عمل دے گی، پتہ نہیں پشاور سے چلیں اور لاہور تک جائیں گے، علیمہ خان کی صحافیوں سے گفتگو

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) بانی پی ٹی آئی عمران خان نے کہا ہے عوام کو جمہوریت بچانے، 26 ویں ترمیم کیخلاف نکلنا ہے، جیل سے لیڈ کروں گا، عمران خان سے ملاقات کے بعد اڈیالہ جیل کے باہر بہنوں نورین اور عظمیٰ خان نے کہا بانی پی ٹی آئی خیریت سے ہیں ...... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

کے پی اسمبلی میں مخصوص نشستوں کی تقسیم کا اعلامیہ کالعدم قرار

الیکشن کمیشن 10 دن کے اندر تمام امیدواروں، سیاسی جماعتوں کو سنے، پشاور ہائیکورٹ

پشاور (بیورو رپورٹ) پشاور ہائی کورٹ نے خیبر پختونخوا اسمبلی میں مخصوص نشستوں کی تقسیم کا الیکشن کمیشن کا 2024 میں جاری کردہ اعلامیہ کالعدم قرار ...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان میں کلائمیٹ کورٹس بنانے کی ضرورت ہے، جسٹس منصور علی شاہ

ملک میں 50 ڈگری سینٹی گریڈ تک گرمی، اچانک سیلاب معمول بن چکے، شیری رحمٰن

سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں کمیونیکیشن کا نظام بحال رکھنا بہت ضروری ہوتا ہے، شزہ فاطمہ

اسلام آباد (شاکر رحمان) سپریم کورٹ کے سینئر جج جسٹس منصور علی شاہ نے کہا ہے پاکستان میں کلائمیٹ کورٹس بنانے کی ضرورت ہے، موسمیاتی تبدیلی پر قومی کانفرنس کے دیگر شرکا نے موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کیلئے قومی پالیسی، مشترکہ اور مربوط کوششوں کی ضرورت پر زور دیا، موسمیاتی تبدیلی اور اثرات سے نمٹنے کیلئے اسلام آباد میں "پاکستان ...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

وفاقی کابینہ نے بڑھتی قیمتوں پر قابو کیلئے 5 لاکھ ٹن چینی درآمد کرنیکی منظوری دیدی

تمام انتظامات مکمل کرلیے گئے، چینی کی درآمد حکومتی شعبے کے ذریعے کی جائے گی، وزارت غذائی تحفظ

فیصلے پر فوری عملدرآمد شروع، چینی درآمد کا طریقہ ماضی سے مختلف اور بہتر حکمت عملی کی نمائندگی کرتا ہے، اعلامیہ

اسلام آباد (شاکر رحمان) وفاقی کابینہ نے بڑھتی قیمتوں پر قابو کیلئے 5 لاکھ ٹن چینی درآمد کرنے کی منظوری دیدی، وزارت غذائی تحفظ کے مطابق چینی کی درآمد حکومتی شعبے کے ذریعے کی جائے گی، تمام انتظامات مکمل کرلیے گئے اور فوری عمل درآمد شروع ...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

حوثیوں نے بحری جہاز پر حملے اور ڈبونے کی ویڈیو جاری کردی

مال بردار بحری جہاز اسرائیل جارہا تھا میجک سیز نامی جہاز سمندر میں مکمل غرق ہوگیا

جہاز کی کمپنی نے مقبوضہ فلسطینی بندرگاہوں میں داخلے کی پابندی کی خلاف ورزی کی

صنعا (م ڈ) یمن کے حوثیوں نے گزشتہ روز بحیرہ احمر میں بحری جہاز پر حملہ کرنے اور اسے سمندر میں غرق کرنے کی ویڈیو جاری کردی۔ حوثیوں کی جانب سے جاری کردہ ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ حملے سے پہلے میجک سیز نامی بحری جہاز کے کپتان کو متعدد ...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

2023 کے بعد پاکستانیوں کے یورپ میں سیاسی پناہ لینے میں کمی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستانیوں کی یورپی ممالک میں سیاسی پناہ لینے کی درخواستوں کی شرح میں کمی آگئی، پاکستانیوں کے سیاسی پناہ (اسائلم) کیلئے اپلائی کرنے کے ٹرینڈ میں 2020 سے اضافہ دیکھا گیا، یورپی یونین کی اسائلم رپورٹ 2022 کے مطابق پاکستانی شہریوں نے اپریل 2022 تک سیاسی ...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

زرعی ترقیاتی بینک میں اربوں کی قرض وصول نہ کرنے کے انکشافات

1601 قرض داروں کی جانب سے ایک روپیہ بھی واپس نہ کرنے پر کمیٹی اراکین حیران

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) زرعی ترقیاتی بینک کی جانب سے قرض داروں سے 9 ارب روپے وصول نہ کرنے کا انکشاف ہوا ہے، پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا اجلاس چیئرمین جنید اکبر کی صدارت میں ہوا، زرعی ترقیاتی بینک کی جانب سے قرض داروں سے 9 ارب روپے ...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت نے 500 ارب کا قرضہ قبل از وقت ادا کردیا

جلد ادائیگی قرض انتظام کی حکمت عملی میں اہم پیشرفت ہے، وزارت خزانہ

کراچی (بیورو رپورٹ) حکومت نے 500 ارب روپے کا قرضہ میچورٹی سے 4 سال پہلے ادا کردیا ترجمان وزارت خزانہ خرم شہزاد نے کہا پاکستان نے 500 ارب ...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

ملک بھر میں میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالجز کھولنے پر پابندی عائد

ایم ڈی کیٹ ٹیسٹ اکتوبر میں ہوگا، 10 ہزار ایم سی کیوز کا پول ہوگا، ڈپٹی رجسٹرار

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینٹ کی قائمہ کمیٹی برائے قومی صحت ...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

دنیا گلوبل وارمنگ اور ماحولیاتی انحطاط کی روک تھام کیلئے الفاظ سے نکل کر اقدامات کرے، بلاول بھٹو

بلوچستان کے بارش متاثرہ اضلاع میں نیشنل اور پروونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی مل کر امدادی سرگرمیاں شروع کریں

عوام بارش کے دوران گھروں سے غیر ضروری نکلنے سے اجتناب، حفاظتی تدابیر اختیار کریں، چیئرمین پیپلز پارٹی

کراچی، اسلام آباد، لاہور (بیورو رپورٹ) پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے بلوچستان، خیبر پختونخوا اور جڑواں شہروں اسلام آباد، راولپنڈی سمیت ملک کے مختلف علاقوں میں بارش سے جانی و مالی نقصان پر گہرے دکھ و افسوس کا اظہار کیا ہے، بلاول بھٹو زرداری نے کہا واشک، آواران، جھل مگسی، خضدار، موسیٰ خیل، قلعہ سیف، بارکھان، کوہلو ...... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

حج 2026 کی لازمی رجسٹریشن کا آج آخری دن، 2 لاکھ پاکستانی رجسٹر

اخراجات و دیگر شرائط و ضوابط حج پالیسی کے تحت علیحدہ طور پر جاری کیے جائیں گے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حج 2026 کیلئے عازمین کی لازمی رجسٹریشن کا آج آخری دن ہے، وزارت مذہبی امور کے ذرائع کے مطابق اب تک 2 لاکھ سے ...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد، بانی پی ٹی آئی کی بہنیں علیمہ خان، نورین اور عظمیٰ خان میڈیا سے گفتگو کررہی ہیں

برطانیہ نے ایران میں اپنا سفارتخانہ دوبارہ کھول دیا

تہران (بیورو رپورٹ) برطانیہ نے ایران میں اپنا سفارتخانہ دوبارہ کھول دیا، برطانوی دفتر خارجہ کے مطابق عارضی بندش کے بعد ایرانی دارالحکومت تہران میں سفارتخانہ دوبارہ کھول دیا گیا، واضح رہے گزشتہ ...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

چیف جسٹس نے 12 جولائی کو سپریم جوڈیشل کونسل کا اجلاس طلب کرلیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے سپریم جوڈیشل کونسل کا اجلاس طلب کرلیا، ذرائع کے مطابق سپریم جوڈیشل کونسل کا اجلاس چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کی زیر صدارت 12 جولائی کو ہوگا ...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

اسفندیار ولی کا دعویٰ منظور، شوکت یوسفزئی کو 10 لاکھ ادا کرنے کا حکم

الزام سے اسفندیار ولی کی سیاسی ساکھ کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی گئی، عدالت کا فیصلہ

پشاور (بیورو رپورٹ) سیشن کورٹ نے عوامی نیشنل پارٹی (اے این پی) کے سربراہ اسفندیار ولی کی جانب سے تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما شوکت ...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان، اسلام آباد، سندھ اور پشاور ہائی کورٹس کے چیف جسٹس نے حلف اٹھالیا

گورنر جعفر مندوخیل نے جسٹس روزی خان بڑیچ سے حلف لیا، وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی، جسٹس جمال خان مندوخیل کی شرکت

صدر مملکت نے جسٹس سرفراز ڈوگر، گورنر سندھ نے جسٹس جنید غفار اور گورنر پختونخوا نے جسٹس ایس ایم عتیق شاہ سے حلف لیا

جسٹس سرفراز کی حلف برداری تقریب میں چیئرمین سینٹ گیلانی، وزیر اعلیٰ مریم نواز، وزیر داخلہ محسن نقوی و دیگر کی بھی شرکت

اسلام آباد، سندھ، پشاور (بیورو رپورٹ) اسلام آباد، سندھ اور پشاور ہائی کورٹس کے چیف جسٹسز نے اپنے عہدوں ...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ (خ ن): گورنر ہاؤس کوئٹہ میں منعقدہ ایک پروقار تقریب حلف برداری میں جسٹس روزی خان بڑیچ نے چیف جسٹس ...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

صدر مملکت آصف علی زرداری اسلام آباد ہائیکورٹ کے چیف جسٹس سرفراز ڈوگر سے حلف لے رہے ہیں

ایلون مسک کو سیاسی پارٹی بنانے کا مہنگا فیصلہ، 76 ارب ڈالر نقصان

شیئرز گر گئے، ٹریڈنگ کے آغاز پر ٹیسلا کے حصص کی قیمت میں 7.5 فیصد کمی دیکھی گئی

نیویارک (بیورو رپورٹ) دنیا کے امیر ترین شخص ایلون مسک کو نئی امریکی سیاسی جماعت بنانے کا اعلان مہنگا پڑ گیا، کمپنی ٹیسلا کے شیئرز میں زبردست کمی ...... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

احتجاج میں عدم شرکت پر لوگوں کو پارٹی سے نہ نکالیں، بیرسٹر گوہر

بانی کو اہم امور پر بریفنگ، موجودہ حالات میں قیادت کے تحت پیغامات مناسب نہیں

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) بیرسٹر گوہر کی بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ملاقات کی اندرونی کہانی سامنے آگئی، بیرسٹر گوہر نے عمران خان کو وزیر اعظم کی مذاکرات کی ...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

راولپنڈی میں حساس ڈیٹا فروخت کرنے والے 2 ملزم گرفتار

راولپنڈی (زاہد احمد خان) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

AI کے ذریعے امریکی وزیر خارجہ کی جعلی آواز میں غیر ملکی اہم منصبوں سے رابطہ

جعل ساز نے تین غیر ملکی وزرائے خارجہ، ایک امریکی گورنر اور کانگریس کے ایک رکن سے رابطہ کیا

واشنگٹن (م ڈ) ایک جعلساز نے امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو کے مصنوعی ذہانت سے تیار کردہ صوتی پیغام کے ذریعے اعلیٰ امریکی حکام اور غیر ملکی وزرائے خارجہ ...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

غزہ، اسرائیلی بمباری کے بعد فلسطینی تباہ شدہ گھروں سے سامان نکال رہے ہیں

انجینئرنگ سیکٹر میں نئے منظر نامے کو سمجھنا اور اپنانا بہت ضروری ہے، جعفر مندوخیل

تبدیلی کے اس عمل میں خود احتسابی اور داخلی آڈٹ بنیادیں ہیں جن پر ہم روشن مستقبل کی کامیابی کی تعمیر کرسکتے ہیں

ایک موثر انٹرنل آڈٹ سسٹم ہی کسی بھی یونیورسٹی کا کمپاس ہے، گورنر کا انجینئرنگ یونیورسٹی کے اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ ہم انجینئرنگ میں 3D ماڈلنگ کے دور میں داخل ہوچکے ہیں جس کیلئے انجینئرنگ سیکٹر میں نئے منظر نامے کو سمجھنا اور اپنانا بہت ضروری ہے کیونکہ روایتی طریقوں نے جدت کاری پر مبنی طریقوں کو راستہ دیا ہے۔ جدید تقاضوں سے ہم آہنگی پیدا کرنے ...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

یوٹیوبرز آفتاب اقبال اور فلک جاوید کے خلاف مقدمات درج

مقدمات سوشل میڈیا پر پھیلائی جانیوالی گمراہ کن معلومات کے تناظر میں درج کیے گئے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی نے معروف یوٹیوبر آفتاب اقبال اور فلک جاوید کیخلاف سوشل میڈیا پر ریاستی اداروں کیخلاف مبینہ منفی پروپیگنڈے اور توہین آمیز مہم چلانے کے الزامات پر مقدمات درج کرلیے، آفتاب اقبال کے خلاف پیکا ایکٹ سمیت دیگر تعزیرات کے تحت مقدمہ ایف آئی اے لاہور زون میں سرکار ...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر اعظم نے ملک میں زرعی اصلاحات کیلئے جامع لائحہ عمل طلب کرلیا

زرعی شعبے کی پیداوار میں بہتری، ویلیو ایڈیشن اور زرعی مصنوعات کی برآمدات میں اضافہ حکومت کی اولین ترجیح ہے، شہباز شریف

زراعت میں مصنوعی ذہانت اور جدید ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال کیلئے ماہرین کی خدمات سے استفادہ حاصل کیا جائے، خطاب

ملک کی معروف کاروباری شخصیات کی ملکی معاشی استحکام پر وزیر اعظم کی قیادت اور حکومتی معاشی ٹیم کی کاوشوں کی تعریف

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے ملک میں زرعی پیداوار میں اضافے اور زرعی اصلاحات کیلئے جامع لائحہ عمل طلب کرلیا اور کہا ہے کہ زرعی شعبے کی پیداوار میں بہتری، ویلیو ایڈیشن اور زرعی مصنوعات کی برآمدات میں اضافہ حکومت کی ...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

پیرکوہ میں ریموٹ کنٹرول دھماکہ چار افراد زخمی

مقامی امن لشکر کے کمانڈر رحیم بخش بگٹی بازار سے گزر رہے تھے کہ دھماکہ ہوا

ڈیرہ بگٹی (آن لائن) ضلع ڈیرہ بگٹی کے علاقے پیرکوہ میں موٹر سائیکل پر نصب ریموٹ کنٹرول بم دھماکے میں قبائلی امن لشکر کے کمانڈر سمیت چار افراد زخمی ہوگئے ...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

حوالہ ہنڈی مافیا کیخلاف کریک ڈاؤن کا حکم، بڑے لوگوں پر ہاتھ ڈالا جائے، وزیر داخلہ

ڈی پورٹ ہوکر آنے والے بھکاریوں کی گرفتاری یقینی، کسی کا دباؤ قبول کیے بغیر مافیا کیخلاف بلا امتیاز کارروائی کی جائے

5 ہزار ڈالر سے زائد لیکر جانیوالوں کیخلاف سخت ایکشن لیا جائے، جعلی ادویات کے کاروبار میں ملوث لوگوں کی اصل جگہ جیل ہے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے حوالہ ہنڈی مافیا کیخلاف کریک ڈاؤن کا حکم دیتے ہوئے ہدایت کی بڑے لوگوں پر ہاتھ ڈالا جائے، ایف آئی اے ...... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

اعلیٰ بیوروکریسی کی مایوس کن کارکردگی، حکومت کا نجی شعبے سے بھرتیاں کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی حکومت اعلیٰ بیوروکریسی کی کارکردگی سے مایوس ہوگئی ہے، حکومت نے اعلیٰ سرکاری عہدوں پر نجی شعبے سے بھرتیاں کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ ڈان نیوز کے مطابق اعلیٰ ...... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

جنوبی وزیرستان، لوئر، تحصیل برمل میں ایک دن کیلئے کرفیو نافذ

میرانشاہ (بیورو رپورٹ) تحصیل برمل میں ایک دن کیلئے کرفیو نافذ کردیا گیا، ڈپٹی کمشنر کے مطابق کرفیو سیکیورٹی تحریکس و خدشات کے پیش نظر لگایا گیا، بازار صبح 6 سے شام 7 بجے تک مکمل بند رہیگا، گاڑی ...... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

ایرانی بلوچستان میں مسلح افراد کا فورسز پر حملہ، 7 اہلکار ہلاک

کسی گروپ کی جانب سے ذمہ داری قبول نہیں کی گئی، مقامی ذرائع

دھماکے سے متعدد افراد زخمی ہوئے، تشویشناک حالت میں ہسپتال منتقل

کوئٹہ (آن لائن) زاہدان ایرانی بلوچستان کے قریب نامعلوم مسلح افراد نے قابض ایرانی فورسز کے ایک کیمپ پر شدید حملہ کیا ہے۔ مقامی ذرائع کے مطابق، حملے کے دوران زوردار دھماکوں اور شدید فائرنگ کی آوازیں سنی گئیں۔ عینی شاہدین کے مطابق، حملے میں ایرانی فورسز کے کم از کم سات اہلکار ہلاک جبکہ متعدد دیگر زخمی ہوئے ہیں۔ زخمی اہلکاروں کو قریبی فوجی ہسپتال منتقل کیا گیا ہے، جہاں بعض کی حالت تشویشناک بتائی جارہی ہے۔ تاحال حملہ ...... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

190 ملین پاؤنڈ کیس، عمران، بشریٰ کی جلد سماعت کیلئے درخواستیں دائر

یقین دہانی کے باوجود سزا معطلی کی درخواستیں جلد مقرر نہیں ہوئیں، درخواست کا متن

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) 190 ملین پاؤنڈ کیس میں پیشرفت، بانی پی ٹی آئی عمران خان اور بشریٰ نے جلد سماعت کیلئے اسلام آباد ہائیکورٹ میں درخواستیں دائر کردیں، بیرسٹر سلمان صفدر کے ذریعے اسلام آباد ہائیکورٹ میں درخواست دائر کی گئیں، درخواست ...... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان بھر میں اسکولوں کی فعالیت، لسبیلہ بازی لے گیا

وزیر اعلیٰ کے وژن کے مطابق تمام 72 بند اسکول فعال کردیئے گئے

ہزاروں طلبہ و طالبات کو دوبارہ اسکول جانے کا موقع میسر آیا، ڈی سی

لسبیلہ (خ ن) ضلع لسبیلہ میں تعلیمی میدان میں ایک اہم اور تاریخی پیش رفت سامنے آئی ہے جہاں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے تعلیم دوست وژن ...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

پشاور کوئٹہ اور کوئٹہ کراچی ٹرین سروس ایک روز کیلئے معطل

11 جولائی سے تمام ٹرینیں مقررہ وقت پر روانہ ہونگی، ریلوے حکام

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ ریلوے حکام کے مطابق 11 جولائی سے کوئٹہ سے روانہ ہونے والی تمام ٹرینیں اپنے مقررہ وقت پر اپنی منزل مقصود کی جانب روانہ ...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

چینی ایئر چیف کی سربراہ پاک فضائیہ سے ملاقات، اسٹریٹجک شراکت داری مضبوط بنانے پر اتفاق

جنرل وانگ گینگ نے پاک فضائیہ کی آپریشنل تیاریوں اور جدید ترین صلاحیتوں کو سراہا، ملٹی ڈومین آپریشنز سے خاص طور پر متاثر ہوئے

چینی دفاعی وفد نے بھارت کے ساتھ حالیہ تنازع کے دوران پاک فضائیہ کی مثالی کارکردگی کو زبردست خراج تحسین پیش کیا، آئی ایس پی آر

اسلام آباد (زاہد احمد خان) چینی لبریشن آرمی کی فضائیہ کے لیفٹیننٹ جنرل وانگ گانگ کی ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو سے ملاقات ہوئی، جس میں دفاعی تعاون، علاقائی سلامتی اور فضائی طاقت پر تبادلہ خیال ہوا اور پاکستان اور چین کے درمیان اسٹریٹجک شراکت داری مزید مضبوط بنانے پر اتفاق ہوا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) ...... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر، وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کی خوشگوار ماحول میں ملاقات

ایک دوسرے کی خیریت دریافت، امیر مقام کے مزاح پر محفل کشت زعفران بن گئی

پشاور (بیورو رپورٹ) گورنر خیبر پختونخوا اور وزیر اعلیٰ علی امین گنڈاپور کے درمیان خوشگوار ماحول میں ملاقات ہوئی، گورنر ہاؤس پشاور میں چیف جسٹس پشاور ہائیکورٹ کی حلف برداری کی تقریب ہوئی اور موقع پر گورنر، وزیر اعلیٰ علی امین گنڈا پور کی ملاقات بھی ہوئی، بعد ازاں ملاقات میں وفاقی وزیر امیر مقام بھی شامل ہوگئے، ملاقات کے دوران خوشگوار ماحول رہا اور تینوں کے درمیان مسکراہٹوں کا تبادلہ بھی ہوا، ذرائع کے مطابق تینوں نے صوبے کی سیاسی صورتحال پر ہلکے پھلکے انداز میں طنز و مزاح بھی کیا، ایک دوسرے کے خلاف بیان دینے والے ...... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر اعظم نے قطری شہزادی کو سیاحت کا برانڈ ایمبیسیڈر مقرر کردیا

شیخہ اسماء الثانی کامیابی پاکستان، قطر کے درمیان قائم دوستی کی مضبوط علامت بھی ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر اعظم شہباز شریف نے قطری شہزادی شیخہ اسماء الثانی کو پاکستان کے پہاڑوں اور سیاحت کا برانڈ ایمبیسیڈر مقرر کردیا، ایکس پر جاری بیان میں وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا مجھے اعلان کرتے ہوئے خوشی ہورہی ہے ...... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، بلوچستان میں فائرنگ و دیگر واقعات میں 7 ہلاک، 3 زخمی

کوئٹہ مشرقی بائی پاس پر راہزنی کی واردات، موٹر سائیکل چھیننے کے دوران نوجوان قدرت اللہ ہلاک اور مغربی بائی پاس سے نامعلوم شخص کی بوری بند نعش برآمد

خضدار تحصیل زہری میں معمولی تکرار پر فائرنگ سے عبدالحئی اور خیر محمد جبکہ پشین ملکیار میں چچازاد بھائیوں کے درمیان گھریلو جھگڑے کے نتیجے میں محمد اشرف ہلاک

حب بلوچ کالونی میں غیرت کے نام پر عبدالجبار پالال وحیدہ قتل ملزم موقع پر گرفتار، واقعات میں 3 افراد زخمی بھی ہوئے

کوئٹہ + خضدار (آن لائن + این این آئی) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے علاقے مشرقی بائی پاس محمود آباد کے قریب نامعلوم مسلح راہزن اسلحہ کے زور پر ایک شخص سے موٹر سائیکل چھین لی مزاحمت پر فائرنگ کرکے موٹر سائیکل مالک کو موت کے گھاٹ اتار ...... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

ناقص منصوبہ بندی کے باعث کوئٹہ شہر گندگی کے ڈھیر میں تبدیل

کوئٹہ شہر میں محکمہ موسمیات کے الرٹ ہونے کے باوجود کہیں پر بھی صفائی کا نظام بہتر نہیں، جگہ جگہ کچرے کے ڈھیر

بازاروں اور گلیوں میں نالیوں کا گندا پانی تالاب نما کھڑے ہونے کی وجہ سے آمدورفت شدید متاثر ہوتی ہے، شہری

میٹروپولیٹن کارپوریشن کے ڈیلی ویجز ملازمین کو فوری طور پر بحال کرکے کوئٹہ شہر میں صفائی کا آغاز کیا جائے، دوکاندار

عدالت روڈ پر نالیاں بند ہونے کی وجہ سے پانی سڑکوں پر آگیا، جس سے تاجروں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) کوئٹہ شہر میں صفائی کی ابتر صورتحال کی وجہ سے مکین وشہری سخت پریشان ہے، صفائی کی صورتحال کو فوری بہتر کرنے کیلئے بہترین منصوبہ بندی کی جائے، میٹروپولیٹن کارپوریشن کے ڈیلی ویجز ملازمین کو فوری طور پر بحال کرکے کوئٹہ شہر میں صفائی کا آغاز ... کھڑے ہونے کی وجہ سے آمدورفت شدید متاثر ہوگیا ہے، مشرق سروے ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے عدالت روڈ پر متعدد دوکانداران اور شہریوں ... جاری کرتے ہوئے ہمیں بھی خوف کا سامنا ہے کہ پانی دکانوں کے اندر داخل نہ ہوسکے۔ جبکہ بعض مکین نے بھی خدشہ کا اظہار کیا ہے کہ صفائی نہ ہونے کی وجہ سے ان لوگوں کو سامنا ہے۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کوئٹہ شہر کے عوام پر رحم کی اپیل کرتے ہوئے بتایا ...

کوئٹہ میں سڑکوں کی ازسرنو تعمیر اور مرمت کیلئے پلان تشکیل دیدیا گیا

ٹوٹ پھوٹ کا شکار سڑکوں اور شہر میں ٹریفک کے بے تحاشہ رش کے باعث رابطہ سڑکوں کی بحالی کا فیصلہ

سڑکوں کی بہتری کا کام جلد از جلد مکمل کیا جائے تاکہ شہریوں کو بہتر سفری سہولیات میسر آسکیں، ڈی سی مہراللہ

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) مہراللہ بادینی کی زیر صدارت کوئٹہ شہر میں مختلف سڑکوں کی تعمیر ومرمت کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایکسین روڈز علی نواز مری سمیت متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں کوئٹہ شہر کی مختلف سڑکوں کی موجودہ حالت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، جن میں وہ سڑکیں بھی شامل تھیں جو ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں۔ ان سڑکوں کی ازسرنو تعمیر اور مرمت سے متعلق جامع پلان ترتیب دیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ محکموں کو ہدایت جاری کی کہ سڑکوں کی بہتری کے کام کو جلد از جلد مکمل کیا جائے تاکہ شہریوں کو بہتر سفری سہولیات میسر آسکیں۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ شہری مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھا رہی ہے۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) مہراللہ بادینی نے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محمد انور کاکڑ کے ہمراہ ڈی سی آفس میں قائم کمپیوٹرائزڈ آرمز لائسنس برانچ کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر نادرا نے برانچ کے کام، سہولیات اور لائسنس کے اجراء کے طریقہ کار کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔

وائی ڈی اے نے صوبائی کابینہ ودیگر آرگنائزنگ باڈیز تحلیل کردیں

سپریم کونسل کے چیئرمین کا خراج تحسین دو سالہ کارکردگی پر اظہار اطمینان

وائی ڈی اے کے ایک سنہری باب کو بہترین انداز میں پائے تکمیل تک پہنچایا

کوئٹہ (پ ر) ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان کی صوبائی کابینہ، ایگزیکیوں کونسل، آرگنائزنگ باڈیز، اور سپریم کونسل کا مشترکہ اجلاس آج سنڈیمن پرووشل اسپتال کوئٹہ میں صدر ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن ڈاکٹر کلیم اللہ کاکڑ کی زیر صدارت منعقد ہوا، ترجمان ... ڈاکٹر یاسر اچکزئی اور سینئر ممبر ڈاکٹر حیات ساسولی نے کابینہ کے اراکین کو خراج تحسین پیش کیا اور ان کی دو سالہ جدوجہد اور کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا اور یہ بتایا کہ موجودہ کابینہ نے سخت اور کٹھن حالات میں جس جوانمردی سے ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان ...

سردار عمر گورگیج تجربہ کار و سینئر سیاستدان ہیں، ساجدہ بنگلزئی

میڈم فرزانہ امین کی علمی خدمات کی قدر کرتے ہیں، صادق بنگلزئی

نیشنل پارٹی وحدت کی صوبائی ورکنگ کمیٹی کا اجلاس طلب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) نیشنل پارٹی وحدت بلوچستان کے اعلامیہ کے مطابق صوبائی ورکنگ کمیٹی کا اجلاس 12،13 جولائی کو کوئٹہ میں منعقد ہوگا تمام ممبران ورکنگ کمیٹی اپنی شرکت کو یقینی بنائیں۔

جمعیت کی ماتحت تحصیلوں و یونٹوں کا اہم اجلاس آج طلب

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری اطلاعات مولانا محمد طاہر توحیدی کے مطابق جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث حضرت مولانا حافظ حسین احمد شرودی نے 9 جولائی بروز بدھ بوقت تین بجے جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے تمام ماتحت تحصیلوں اور یونٹوں کے امراء ونظماء کا اہم نمائندہ اجلاس بمقام جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے ضلعی دفتر میں طلب کرلیا گیا ہے اپیل کی جاتی ہے کہ تمام یونٹوں کے امراء ونظماء اجلاس میں اہم فیصلے متوقع ہے۔

نومنتخب عہدیدار جدوجہد جاری رکھیں، خیر محمد ترین

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کوئٹہ ڈویژن کے صدر ایڈووکیٹ سردار خیر محمد ترین کوئٹہ ڈویژن کے جنرل سیکریٹری حاجی محمد گل شاہوانی سیکرٹری اطلاعات احسان اللہ، سینئر نائب صدر، عبدالجبار ...

زرباران احمد نے ایف ایس سی سالانہ امتحانات 2025 میں سو میں سے چوتھی پوزیشن حاصل کی

سابق سیکرٹری اختر محمد بازئی کی رسم سوئم آج ادا کی جائیگی



زلف کہ الجھتی ہی نہیں

صدائے جرس

نواز بگٹی

رمضان اچکزئی کو سی ای او واسا تعینات کرنے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں، اہلیان خلجی کالونی

... پر پسماندہ علاقوں میں واسا کے ٹیوب ویلوں کے ذریعے پانی کی فراہمی میں ان کا اہم اور نمایاں کردار رہا ہے۔ اپنی محنت، خلوص، اور غریبوں سے ہمدردی کے جذبے کی بدولت رمضان اچکزئی کو چیف انجینئر واسا تعینات کیا ... ہونے پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہیں اور ان کی کامیابی وترقی کے لیے دعا گو ہیں۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں اپنی ذمہ داریاں خوش اسلوبی سے ادا کرنے اور عوام کی خدمت کا مزید موقع عطا فرمائے۔ آمین۔

صوبے کے عوام کا معاشی قتل برداشت نہیں، نور احمد کاکڑ

پک اپ اور موٹر سائیکل کے درمیان تصادم موٹر سائیکل سوار شدید زخمی

جے یو آئی پاکستان کی صوبائی رابطہ کمیٹی کا اجلاس 10 جولائی کو ہوگا

حاجی مولاداد الکوزئی کی زوجہ وفات پاگئیں

ضلع کاریزات کے قیام کا نوٹیفکیشن فوری جاری کیا جائے، خیراللہ غرشین

انتقال پر ملال



حاجی حبیب اللہ بادیزئی انتقال کرگئے



... حاجی رحیم بخش، حاجی حضور بخش، مرحوم محمد افضل، مرحوم حاجی محمد اکبر اور امین اللہ مینگل کے بھائی تھے ... چچا تھے۔ فاتحہ خوانی کلی بادیزئی آخر گرگ میں جاری ہے ... کے بزرگ رکن حاجی حبیب اللہ بادیزئی گزشتہ روز انتقال کرگئے جنہیں مقامی قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا وہ پارٹی کے ملکرامان اللہ خان بادیزئی، مرحوم عبدالحمید خان بادیزئی، مرحوم عبدالعلی خان بادیزئی اور محمد عثمان خان کے بھائی

TENDER NOTICE

The office of Executive Engineer (Roads) CW, PP&H Department District Naseerabad invites sealed bids from eligible bidders based on CSR-2023 on National Competitive Bidding (NCB) who can prove their eligibility and qualification as mentioned in the Bidding Documents for the works mentioned below.

Earnest Money 2% in shape of call deposit, Tender Fee Rs.1000/- (in shape of green challan form deposited in head of account C-02716), Tentative Time Limit 30-06-2026 for each work

S.No.	Name of Work	E/Cost	E/Money
1	CONSTRUCTION OF B/T ROAD FOR VILLAGE QADEER BANGULZAI DISTRICT NASEERABA PSDP NO. 1463 (Z2025.0636). **TSE-252607778443**	13.878-M	PKR 2,80,000/-
2	REHABILITATION/ CONSTRUCTION OF B/T ROAD FROM ROPA SHAKH TO VILLAGE DATTA RIND TEHSIL GHAFOORABAD DISTRICT NASEERABAD PSDP NO. 1472 (Z2025.1973) **TSE-252607778453**	20.787-M	PKR 4,20,000/-
3	REHABILITATION/ CONSTRUCTION OF B/T ROAD GOTH WADERA ABDUL RAZZAQ PINHYAR AND VILLAGE SHER DIL NECAHRI DISTRICT NASEERAABD. PSDP NO. 1567 (Z2025.1974) **TSE-252607778463**	14.875-M	PKR3,00,000/-
4	REHABILITATION / CONSTRUCTION OF B/T ROAD FOR VILLAGE MALIK AND ALI KHAN RIND DISTRICT NASEERABAD. PSDP NO. 1576 (Z2025.1971) **TSE-252607778473**	20.806-M	PKR 4,20,000/-
5	REHABILITATION / CONSTRUCTION OF B/T ROAD FOR VILLAGE YOUSIF LEHRI / AZIZ AT RABI DISTRICT NASEERABAD. PSDP NO. 1578 (Z2025.1972) **TSE-252607778493**	9.917-M	PKR 2,00,000/-
6	CONSTRUCTION OF B/T ROAD FOR VILLAGE HAIDER JAKHRANI DISTRICT NASEERABAD. PSDP NO. 1347 (Z2025.0632) **TSE-252607778503**	9.917-M	PKR 2,00,000/-
7	CONSTRUCTION OF BLACK TOP ROAD FOR VILLAGE ABDUL WAHID AND GHULAM HAIDER PANDRANI AT TEHSIL BABA KOT DISTRICT NASEERABAD PSDP NO. 1283 (Z2025.0745) **TSE-252607778573**	20.804-M	PKR 4,20,000/-

Bidding process of aforementioned works shall be carried out in accordance with the rules of Balochistan Public Procurement Authorities 2014 & Pakistan Engineering Council By-Laws. **BASIC ELIGIBILTIY**: The contractors must have valid Registration of firm with PEC in category **C-5** and above with specialization codes **CE01 and CE10** in relevant discipline. and registration along with till date renewal with Tax Authorities i.e. (NTN, Sales Tax Department and BRA), where applicable. **The prospect bidder(s) must meet the eligibility / qualifying criteria as mentioned in the bidding document. METHOD OF PROCUREMENT**: Single Stage - Two Envelope Bidding Procedure. **BIDDING/TENDER DOCUMENTS ISSUANCE**: The bidder(s) can obtain the bidding documents from the address mentioned below in office working hours on production of green challan form for an amount of **Rs.1000/- (NON REFUNDABLE)** deposited in the head of account **C02716** thorough Government Treasury/National Bank of Pakistan OR can be downloaded from website of BPPRA (www.bppra.gob.pk), under TSE Nos. given against each work above from the date of publication of this invitation in newspapers till the last date of submission i.e **25/07/2025** until **12.00 hrs**. The contractors/Firms who obtain bidding document by downloading them from BPPRA website will also be required to produce deposited green challan form of above mentioned fee. The bids must have accompanied Bid Security with "Technical Bid" for the work in the form of Call at Deposit above in the name of the undersigned from a Scheduled Bank. **Bid security if not found in technical bid envelop the bid will not be taken into account for evaluation and will be rejected straightforwardly. DEAD LINE OF SUBMISSION**: The bids (Technical and Financial) in two separate sealed envelopes clearly marked with work Title & Type of Proposal, prepared in accordance with the instructions contained in the bidding document must be delivered by hand or through registered mail at the address mentioned below on or before **25/07/2025** at **12.00** hrs. **OPENING OF BID(S)**: Envelope containing "Technical Bid" along with bid security will be opened on the same day i.e. **25/07/2025** at **13.00** hrs before Procurement Committee in the presence of Bidders or their Authorized representatives with authority letter on non-judicial stamp paper of Rs.100/- duly attested by the notary public) who choose to attend as specified in the bidding document. Second Envelope containing "Financial Bid" of technically qualified bidder(s) will be opened later, the date of which will be communicated after evaluation of the Technical Bids. Financial Proposals of Technically non-qualified bidders will not be opened and thus will be returned sealed/unopened.

BID VALIDITY: Ninety (90) days PLACE OF ISSUANCE AND SUBMISSION: Executive Engineer (Roads) CW,PP&H Department District Naseerabad at Dera Murad Jamali Telephone No. **0838-710615**, Email address: Kakarrehman222@gmail.com. **TERMS & CONDITIONS**: Terms & Conditions are mentioned (incorporated) in detail in Bidding Documents. The bidders providing unsubstantiated and / or incorrect information will be liable to disqualification and / or legal action.

EXECUTIVE ENGINEER(ROADS)
CW, PP&H DEPARTMENT DISTRICT
NASEERABAD AT D.M. JAMALI

PRQ No.68/08-07-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The Irrigation Division Pishin intends to carry out the following Development Works for the year 2025-26 and invites sealed tenders on composite schedule of rates 2023 GoB for the PEC Registered Government Contractors. Tender Fee Rs.1500 and Earnest Money 3% for each work

S.#	Name of work.	E/Cost
1	FLOOD PROTECTION WALL AT KILLI MALIK KATA AND KILLI NEW SURKHAB TEHSIL PISHIN PSDP#2776 (2025-26) **TSE-252607778543**	12.0 M
2	CONST OF FLOOD PROTECTION WALL AT TARATA AND PISHIN CITY TEHSIL PISHIN PSDP#2629 (2025-26) **TSE-252607778563**	15.0 M
3	PIPE LINE FOR KILLI HUURAMZAI KAREZ TAHSIL HURAMZAI DISTRICT PISHIN PSDP#2750 (2025-26) **TSE-252607778523**	15.0 M
4	FLOOD PROTECTION WALL AT KILLI FAZAL RAHEEM AND KILLI TARATA TEHSIL PISHIN PSDP#2683 (2025-26) **TSE-252607778433**	12.0 M
5	REHABILITATION OF CHOWKAL DAM BOSTAN PISHIN PSDP#2665 (2025-26) **TSE-252607778243**	10.0 M
6	CONSTRUCTION OF FLOOD PROTECTION WALL/BAND AT KILLI AJRAM BASHA SULTAN ETC DISTRIC PISHIN PSDP#2694 (2025-26) **TSE-252607778383**	10.0 M
7	CONSTRUCTION OF KILLI INZER DAM PISHIN PSDP#2698 (2025-26) **TSE-252607778253**	35.0 M
8	CONSTRUCTION OF WARJORABA DAM PISHIN PSDP#2744 (2025-26) **TSE-252607778303**	35.0 M
9	FLOOD PROTECTION WALL TAZAK & MALAK GUL BARAN KAKUL KARAYZ PSDP#2808 (2025-26) **TSE-252607777373**	15.0 M
10	REHABILITATION OF QALLA VIYALLA KARAYZ PISHIN PSDP#2674 (2025-26) **TSE-252607777733**	15.0 M
11	REHABILITATION OF 2 NOS KARAYZ KILLI WARJORBA PISHIN PSDP#2692 (2025-26) **TSE-252607777513**	18.0 M
12	REHABILITATION OF KILLI RAGHA KARAYZ BAGH PISHIN PSDP#2651 (2025-26) **TSE-252607777703**	15.0 M

The Procurement shall be carried out in accordance with the BPPRA rules 2014 and Amended 2019. ELIGIBILITY OF CONTRACTORS: Valid registration certificate of PEC in the relevant category and having following Specialization Codes:a) CE 04 (ii) Irrigation & Flood Control Systems, (b) CE04(iii) (dams only) only for Dams. c) CE 10 General Civil Engineering Works: Slope Protection Earthworks, sub-soil drainage, Waterproofing etc. Valid registration certificates from Income Tax Authority (NTN) and Baluchistan Revenue Authority (BRA). The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work (Details mentioned in Bidding Documents on BPPRA Turnover of subsequent previous years showing financial capacity of the firm. (Details mentioned in Bidding Documents on BPPRA The firm/ Contractor either blacklisted nor involved in any Litigation / Arbitration (Attach all certificates and the affidavit (on Rs:100 non-judicial stamp paper) of not blacklisting) not involved in any litigation / arbitration) Authorized Representative's will only be allowed, having a specific Authorization letter for the Scheme mentioned above. (The Authorization letter/ deed must be provided on Non- Judicial Stamp Paper Valuing Rs. 100, duly attested by first class Magistrate). Rate analysis of offered rates. **Detailed Technical Evaluation Criteria is mentioned on BPPRA Bidding Documents.** METHOD OF PROCUREMENT: Bids are invited on **Single stage two envelop** procedure (Technical & Financial Proposals). Financial Proposals of bids found non-responsive by the procurement committee shall be returned un-opened to the respective bidders. The interested Contractors /Firms are required to provide Technical Proposal comprising information regarding Experience, Personnel Capabilities, Financial Status, Equipment Capabilities and other relevant information as explained in the Bid Soliciting Documents (one original + one copy) in sealed envelope & the Financial Proposal in separate envelope, clearly labeled each accordingly. **BIDDING / TENDER DOCUMENTS ISSUANCE**: Complete Bidding Documents can be obtained from www.bppra.gob.pk. **SUBMISSIONOF BIDDING / TENDER DOCUMENTS**: The last date & time for submission of tender documents will be **25/07/2025 at 11.00 AM**. Only the Bid **(Technical Proposals)** will be opened on the same date **25/07/2025** in the office of undersigned at **12.00**PM, before procurement committee and in the presence of Contractors/ Firms or their authorized representatives. Date and time for opening of **(Financial)** Bids will be communicated to only the shortlisted contractors after evaluation of the technical bids accordingly. The Tender Fee Rs: 1500/- (for Each) will be deposit through green challan in National Bank of Pakistan under the head of Account C-03434 (Irrigation Receipt): - **BID SECURITY**: Bid Security of 3% of estimated cost in the shape of call deposit from any scheduled bank as mentioned against the contract shall be enclosed with the bid (Technical Proposal). The Competent Authority reserves the right to accept/reject any or all bids at any time prior to acceptance of a bid, due to cogent reason. Any further information regarding the bid can be obtained from Office of the Undersigned on any working day. The office of the Executive Engineer, Irrigation Division Pishin Tel # 0826420553

EXECUTIVE ENGINEER,
IRRIGATION DIVISION, PISHIN

PRQ No.66/08-07-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

AUCTION/DISPOSAL NOTICE

The Utility Stores Corporation of Pakistan (USCP), Ministry of Industries & Production, intends to auction Pulses / Rice / Utility Brand Spices/Polyethene Bags & USC Own Brand Household Items etc, based on "as it is where it is", details of which are available at the undernoted locations as per quantities mentioned in the Tender Documents.

S#	Region	Address	Contact Person	Contact No.
1	Killa Saif Ullah	Near DCO Office, Killa Saif Ullah	Muhammad Azam	0333-7823078
2	Khuzdar	Musiani Building, Near FFC Warehouse, RCD Road, Khuzdar	Khurshid Ahmed	0334-2349977
3	Loralai	Aman Petroleum Service, Duki Road, Loralai	Zaheer Ahmed	0311-3661866
4	Nushki	Anam Bostan Road, Opp: F.C Head Quarters, Qaziabad, Nushki	Waheed Ahmed	0333-7879405
5	Pishin	Near Darwesh Flour Mills, Pishin	Ikram Ellahi	0332-2106191
6	Quetta	Old RCP Building Near TTC Sirki Road, Quetta	Malik Atif Aslam	0333-7712123
7	Sibi	Old Food Godown, Sibi	Malik Muhammad Akbar	0333-7962088

i. All the auction bids/offers shall be accepted on 16-07-2025 at 02:30 PM by the Auction Committee, in the presence of the bidders or their duly authorized representatives, who may wish to attend the auction bid at the given address.
ii. Every Pakistani having NADRA Identity Card can participate in the open public auction except defaulter of the Government Department or Govt. servant. Companies can participate through their authorized representatives.
iii. Every participant of the open auction will submit Demand Draft/ Pay Order of Rs.1,000,000/- (One Million) in favor of Utility Stores Corporation of Pakistan (Pvt) Ltd (as security deposit) and CNIC before time of auction which shall be returned to all depositor after the open auction except the highest bidder.
iv. Every participant of the open auction will submit an offer on the prescribed form along with a certificate on stamp paper of Rs.. 100/- that he is neither a government employee nor a defaulter of the Government Department.
v. All the Government taxes applicable will be borne by the successful bidder.
vi. The successful bidder shall be responsible for the collection of all the items at designated locations within 10 days.
vii. Complete auction offer documents and additional information (if any) may kindly be obtained from the following.

Zonal Manager USC Quetta Zone
Utility Stores Corporation of Pakistan (Pvt) Ltd
Old R.C.P, Building, Near T.T.C, Sirki Road, Quetta
Phone # 081-9211584

PID(Q)16/25

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

قومی معیشت کیلئے کاروباری طبقے کی خدمات قابل تحسین ہیں، سیدال ناصر

ایف پی سی سی آئی طویل عرصے سے حکومت کی پالیسی اور اقتصادی امکانات کے درمیان ایک پل کا کردار ادا کر رہی ہے

کاروباری طبقہ کا کردار ملک میں ترقی اور روزگار کے مواقعوں کی فراہمی میں اہم ہے، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ آف پاکستان

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (FPCCI) کے ایک اہم اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ میرے لیے نہایت اعزاز اور فخر کی بات ہے کہ میں پاکستان کے سب سے متحرک کاروباری اذہان اور معاشی رہنماؤں کے اس معزز اجتماع سے خطاب کر رہا ہوں۔ انہوں نے کاروباری طبقے کو قومی معیشت کے لیے انتھک خدمات پر خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ ایف پی سی سی آئی طویل عرصے سے حکومت کی پالیسی اور اقتصادی امکانات کے درمیان ایک پل کا کردار ادا کر رہی ہے۔ ... پاکستان، میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ ایوان بالا اقتصادی اصلاحات، قانون سازی کے استحکام اور جامع ترقی کے لیے پرعزم ہے۔ ہماری کمیٹیاں خصوصاً تجارت، خزانہ، صنعت و پیداوار، اور منصوبہ بندی سے متعلق — فعال طور پر اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مشاورت کر رہی ہیں تاکہ ریگولیٹری رکاوٹوں کو دور کیا جا سکے، پالیسیوں میں تسلسل یقینی بنایا جا سکے۔

حکومتی عدم توجہی سے ٹرانسپورٹ کا شعبہ تباہی سے دوچار ہے، حاجی حبیب بادیزئی

ٹرانسپورٹروں کے ساتھ کیے گئے تحریری معاہدوں کی خلاف ورزی معمول بن چکی ہے، حاجی اکبر لہڑی

کاروبار میں روزانہ نت نئی رکاوٹیں کھڑی کر کے ہمارا معاشی قتل کیا جا رہا ہے، حاجی موسیٰ جان اچکزئی

کوئٹہ (یو این اے) آل بلوچستان ٹرانسپورٹرز ایکشن کمیٹی کے صدر حاجی حبیب اللہ خان بادیزئی، سیکرٹری جنرل حاجی میر محمد اکبر لہڑی، حاجی موسیٰ جان اچکزئی، حاجی نصر اللہ دہوار اور حاجی ابراہیم نے کہا ہے کہ حکومت، سیکیورٹی ادارے اور ضلعی انتظامیہ ٹرانسپورٹ کے شعبے کو مسلسل نظر انداز کر کے اسے تباہی کے دہانے پر لے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹرانسپورٹروں کے ساتھ کیے گئے تحریری معاہدوں کی خلاف ورزی معمول بن چکی ہے، جبکہ روزانہ نت نئی رکاوٹیں کھڑی کر کے ہمارا معاشی قتل کیا جا رہا ہے۔ رہنماؤں کے مطابق سب سے بڑا مسئلہ گاڑیوں کی نقل و حرکت میں بلاوجہ رکاوٹیں، غیر ضروری چیک پوسٹیں اور تلاشی کے نام پر ڈرائیوروں و مسافروں کو ہراساں کیا جانا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہر چند کلومیٹر کے فاصلے پر نئی چیک پوسٹ قائم کر دی جاتی ہے، جہاں سخت رویہ اور غیر ضروری تفتیش نے کاروبار کو مفلوج کر دیا ہے۔ ٹرانسپورٹرز کا کہنا ہے کہ ہم بارہا تحریری معاہدے کر چکے ہیں، لیکن ان پر عملدرآمد نہیں ہوتا، جس سے ہزاروں خاندانوں کا روزگار داؤ پر لگ گیا ہے۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ چیک پوسٹوں کی تعداد کم کی جائے، معاہدوں پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور ٹرانسپورٹ کے شعبے کو درپیش مسائل کو سنجیدگی سے حل کیا جائے۔ ٹرانسپورٹرز نے خبردار کیا کہ اگر ان کے جائز مطالبات پر فوری عمل نہ ہوا تو وہ سخت احتجاج پر مجبور ہوں گے۔

غزہ: اسرائیلی فوج کا اپنے فوجیوں کے مارے جانے کا اعتراف

تل ابیب (م ڈ) اسرائیلی فوج نے اعتراف کیا ہے کہ گزشتہ رات شمالی غزہ میں اس کے 5 فوجی ہلاک ہوئے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق اسرائیلی فوجی آئی ای ڈی دھماکے اور حماس جنگجوؤں کی فائرنگ سے مارے گئے۔ اسرائیلی میڈیا نے بتایا کہ سارجنٹس میر شمعون، موشے نسیم، نوم ہارون، بن یامین اسولین، موشے شموئیل ہلاک ہوئے ہیں۔ رپورٹس میں بتایا گیا کہ 2 شدید زخمیوں سمیت 14 اسرائیلی فوجی زخمی بھی ہوئے ہیں۔

رائٹ سائزنگ کے نام پر ہزاروں اسامیوں کا خاتمہ مزدور دشمن اقدام ہے، پریم یونین

ریلوے اہم ترین قومی ادارہ ہے اس کی آبیاری کرنے والے محنت کش داد کے مستحق اور خدمات ناقابل فراموش ہیں

حکومت آئی ایم ایف کے دباؤ کا بہانہ بنا کر رائٹ سائزنگ کے لبادے میں ملازم کش پالیسیوں کو دوام دے رہی ہے

حاجی پیر جان بلوچ کے اعزاز میں دی گئی الوداعی پارٹی سے ارشد یوسفزئی، جاوید احمد خان، عطاء محمد بلوچ و دیگر خطاب

کوئٹہ (پ ر) ریلوے پریم یونین، نیشنل لیبر فیڈریشن کے رہنماؤں نے رائٹ سائزنگ کے نام پر ہزاروں اسامیوں کے خاتمے، پنشنرز اور ملازمین کو بقایا جات اور تنخواہوں کی عدم ادائیگی پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ آئی ایم ایف کا شوشا چھوڑ کر حکمران غریب اور متوسط طبقات کو یکے بعد دیگرے جائز مراعات اور سہولیات سے محروم کر رہے ہیں۔ ریلوے ملازمین ریلوے کا اصل سرمایہ ہیں جنہوں نے اپنا خون پسینہ بہا کر قیام پاکستان کے بعد قومی ادارے کی آبیاری کی مگر افسوس کا مقام ہے کہ انہیں ان کی خدمات کا صلہ نہیں مل رہا۔ ایوان محنت اور ریٹائرمنٹ سرکاری ملازمین کی زندگی کے یادگار دن ہوتے ہیں۔ پریم یونین ریلوے کے تمام ملازمین کو ان کی بے لوث خدمات پر خراج تحسین پیش کرتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار صدر پریم یونین (این ایل ایف) بلوچستان ارشد یوسفزئی، حاجی پیر جان بلوچ، سابق ناظم جاوید احمد خان، سیکرٹری پریم یونین قدرت اللہ بڑیچ، محنت کش یونین کے صدر عطاء محمد بلوچ، گارڈز ایسوسی ایشن کے صدر اختر مجگرانی، لیبر یونین کے ڈویژنل چیئرمین ... نے کیا۔

کوئٹہ: حاجی پیر جان بلوچ کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر ان کے اعزاز میں دی گئی تقریب کے بعد گروپ فوٹو

پاکستان تاقیامت دنیا میں موجود رہے گا، شیخ زرک مندوخیل

شہداء کی قربانیوں کو کسی صورت فراموش نہیں کریں گے، رکن بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما و رکن بلوچستان اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا ہے کہ پاکستان تاقیامت کے لئے سرزمین پر موجود رہے گا، افواج پاکستان سیکورٹی فورسز اور محب وطن قبائل کی موجودگی میں ملک دشمن عناصر اپنے ناپاک عزائم میں کامیاب نہیں ہو سکتے۔ یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات ... کی موجودگی میں پاکستان کو کوئی میلی آنکھ سے نہیں دیکھ سکتا۔ پاکستان کو دہشت گردی کے ناسور سے چھٹکارا دلانے کے لئے عسکری و سیاسی قیادت ایک پیج پر متحد ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرزمین پاکستان کی حفاظت، ترقی اور عوام کی خوشحالی کے لئے اپنے لہو کے چراغ روشن کرنے والوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ شہداء کی قربانیوں کو کسی صورت فراموش نہیں کریں گے۔

اسلام آباد: چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف سے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی ملاقات کر رہے ہیں

حقوق العباد کا معاملہ نازک ہے، ناحق قتل سنگین گناہ ہے، علامہ الیاس قادری

خود بدلہ لینے سے فساد پھیلتا ہے، حج مبرور کا تقاضا نیکیوں میں اضافہ ہے، مدنی مذاکرے سے خطاب

غزہ کے شہر بیت حنون میں سڑک کنارے بم دھماکے میں 5 اسرائیلی فوجی ہلاک

ٹیچنگ اسپتال کیچ میں غیر حاضر ڈاکٹرز کیخلاف محکمانہ کارروائی کا عندیہ

ڈیوٹی میں غفلت پر زیرو ٹالرنس کی پالیسی اپنائی جائے گی، ایم ایس ڈاکٹر وحید بلیدی

تربت (نامہ نگار) ٹیچنگ اسپتال کیچ کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ (ایم ایس) ڈاکٹر وحید بلیدی نے ڈیوٹی سے مسلسل غیر حاضر رہنے والے ڈاکٹرز کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی کا عندیہ دیا ہے۔ اس سلسلے میں ایم ایس کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن میں غیر حاضر رہنے والے ڈاکٹرز کو فوری طور پر وضاحت پیش کرنے کی ہدایت جاری کی گئی ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق سینئر رجسٹرار ڈاکٹر خالدہ قیم اور لیڈی میڈیکل آفیسر ڈاکٹر شائستہ رند کی مسلسل غیر حاضری پر انہیں دو روز کے اندر وضاحت جمع کرانے کی ہدایت دی گئی ہے۔ واضح کیا گیا ہے کہ مقررہ وقت میں وضاحت جمع نہ کرانے کی صورت میں دونوں کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

میرا وژن تعلیم کو جدید خطوط پر استوار کرنا ہے، راحیلہ حمید خان درانی

تعلیم کے شعبے میں 7 ہزار سے زائد اساتذہ بھرتی کر کے 3 ہزار سکولوں کو فعال بنایا گیا، صوبائی وزیر تعلیم بلوچستان

وزیر اعلیٰ بلوچستان کو یہ کریڈٹ جاتا ہے کہ سال کے شروع میں ترقیاتی فنڈز جاری ہو رہے ہیں جو خوش آئند ہے

کوئٹہ (اے پی پی) صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے کہا ہے کہ تعلیم کو جدید خطوط پر استوار کرنا میرا وژن ہے۔ تعلیم کے شعبے میں 7 ہزار سے زائد اساتذہ بھرتی کر کے 3 ہزار سکولوں کو فعال بنایا گیا، وزیر اعلیٰ بلوچستان کو یہ کریڈٹ جاتا ہے کہ سال کے شروع میں ترقیاتی فنڈز جاری ہو رہے ہیں جو خوش آئند ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اے پی پی سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی نے کہا کہ جب سے وزارت تعلیم کا چارج سنبھالا ہے میں تعلیم کو پہلی ترجیح رکھی ہے کیونکہ میرے خاندان کا سب سے زیادہ تعلق تعلیم کے شعبے سے رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب تک تعلیمی ماحول بہتر نہیں ہوگا، ایک بہترین سلیبس کے ساتھ وسائل کی فراہمی نہ ہوں تو معیاری تعلیم صرف ایک خواب رہتا ہے۔

وندر: فش فیکٹریوں سے دھوئیں و تعفن کا اخراج سانس لینا عذاب بن گیا

صنعتکار انسانی زندگیوں سے کھیل رہے ہیں، علاقہ مکینوں کا احتجاج

سونمیانی وندر (یو این اے) وندر کے علاقے گلشیری میں قائم بدبودار اور زہریلی فش فیکٹریوں نے انسانی زندگی کے لیے خطرے کی گھنٹی بجا دی ہے۔ اسکولوں، گھروں اور رہائشی آبادیوں کے درمیان قائم ان فیکٹریوں سے نکلنے والے دھوئیں، تعفن اور زہریلے مواد نے بچوں، خواتین اور بزرگوں کی زندگی اجیرن کر دی ہے، جبکہ متعلقہ ادارے تاحال خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں۔ مقامی مکینوں کا کہنا ہے کہ یہ فیکٹریاں کسی مقامی شخص کی نہیں بلکہ غیر اضلاع صنعتکاروں کی ملکیت ہیں، جو مقامی بااثر افراد کی آڑ میں انسانی زندگیوں سے کھلواڑ کر رہا ہے۔ علاقے میں بڑھتی ہوئی بیماریوں اور تعلیمی اداروں پر اس آلودگی کے منفی اثرات کے باوجود ان فیکٹریوں کو این او سی جاری ہونا ضلعی انتظامیہ، محکمہ ماحولیات اور دیگر اداروں کی مبینہ کرپشن یا مجرمانہ غفلت کو ظاہر کرتا ہے۔ مکینوں کے مطابق بارہا شکایات اور درخواستوں کے باوجود کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ اسکولوں کے قریب ان فیکٹریوں کا قیام بچوں کی صحت اور تعلیم پر کھلا حملہ ہے۔ شدید بدبو، سفید دھواں اور آلودہ فضا کے باعث کئی خاندان علاقہ چھوڑنے پر مجبور ہو چکے ہیں جبکہ باقی ماندہ لوگ بیماریوں کے رحم و کرم پر جی رہے ہیں۔ علاقہ مکینوں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ ان زہریلی فیکٹریوں کے این او سیز فوری طور پر منسوخ کیے جائیں اور انہیں انسانی آبادیوں سے دور کسی مخصوص انڈسٹریل زون میں منتقل کیا جائے تاکہ عوام کو صحت مند اور محفوظ ماحول میسر آسکے۔

ملکی استحکام کیلئے قومی مفادات کو ترجیح دینی ہوگی، ماہ جبین شیران

صوبے کی ترقی میں سیاسی یکجہتی اور اشتراک عمل ناگزیر ہے، سابق ایم پی اے

کوئٹہ (آئی این پی) سابق رکن بلوچستان اسمبلی اور معروف سماجی و سیاسی رہنما ماہ جبین شیران نے موجودہ سیاسی صورتحال پر اپنے مؤثر اور بصیرت بھرے مؤقف کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملکی استحکام اور ترقی کے لیے تمام سیاسی قوتوں کو اختلافات سے بالاتر ہو کر قومی مفادات کو اولین ترجیح دینی ہوگی۔ ... پر زور دیا اور کہا کہ صوبے کی ترقی میں سیاسی یکجہتی اور اشتراک عمل ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت ملک کو اعلیٰ ہم آہنگی اور مثبت سیاسی حکمت عملی کی اشد ضرورت ہے تاکہ پاکستان ایک منظم، خوشحال اور خودمختار ملک بن سکے۔ انہوں نے تمام سیاسی و سماجی رہنماؤں سے اپیل کی کہ وہ ذاتی مفادات سے بالاتر ہو کر قومی یکجہتی کے لیے کام کریں۔

نوجوانوں کا مستقبل محفوظ بنانے کیلئے پرعزم ہیں، شکور خان اچکزئی

اسپیشل سی ایس ایس امتحانات کو وقفے سے باقاعدہ بنیادوں پر منعقد کرانے کی قانون کیلئے سینیٹ میں بل پیش کریں گے

2024 اسپیشل سی ایس ایس کی طرز پر ہر تین سے چار سال کے وقفے سے یہ امتحان منعقد کیا جانا چاہیے، رہنما، جے یو آئی

اسلام آباد (پ ر) جمعیت علمائے اسلام کے رہنما سینیٹر شکور خان اچکزئی نے نوجوانوں کے مستقبل کو محفوظ بنانے کے لیے کردار ادا کرنے کا عزم کیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ وہ سینیٹ میں بل پیش کریں گے، جس کے تحت اسپیشل سی ایس ایس (Special CSS) امتحانات کو ہر تین سے چار سال بعد باقاعدہ بنیادوں پر منعقد کرانے کی قانون کو لازمی قرار دیا جائے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سینیٹر شکور خان اچکزئی نے کہا کہ "جس طرح 2024 میں اسپیشل سی ایس ایس کا امتحان لیا گیا، اسی طرز پر ہر تین سے چار سال کے وقفے سے یہ امتحان منعقد کیا جانا چاہیے۔ جب مخصوص کوٹہ کی نشستیں بڑھ جائیں یا پرانے امیدواروں کے ذریعے پر نہ ہوں، تو انہیں ضائع کرنے یا دوسرے صوبوں کو منتقل کرنے کی بجائے اسی صوبے کے لیے اسپیشل سی ایس ایس امتحان منعقد کیا جانا چاہیے تاکہ وہاں کے نوجوان اس حق سے محروم نہ ہوں۔"

مناسب وقت پر ایران پر سے پابندیاں اٹھالوں گا، امریکی صدر

غزہ میں جاری انسانی المیہ نظر انداز نہیں کیا جا سکتا، سعودی وزیر خارجہ

شمالی بھارت میں سیلاب اور لینڈ سلائیڈنگ سے 70 سے زائد ہلاک

